08/04/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **اعجازہ اختر**

گیس

حکومت نے کہا ہے کہ ملک بھر میں پیٹرول، ڈیزل اور رسوئی گیس کی فراہمی معمول کے مطابق جاری ہے۔ نئی دلی میں مغربی ایشیا کی حالیہ صورتحال پر بین وزارتی بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے وزارتِ پیٹرولیم و قدرتی گیس کی جوائنٹ سیکریٹری سُجاتا شرما نے بتایا کہ کسی بھی ایل پی جی ڈسٹری بیوشن مرکز پر گیس کی کمی کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ تمام پٹرول پمپ معمول کے مطابق کام کر رہے ہیں۔

میاں مہر علی

ممبر اسمبلی کنگن میاں مہر علی نے آج وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کر کے اپنے حلقے سے متعلق کئی معاملات پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ۔ ایم ایل اے موصوف نے کہا کہ کنگن میں تعمیر کئے جا رہے سو بستروں والے اسپتال کا کام تکمیل کے آخری مراحل میں ہے اور اس کو عنقریب لوگوں کے لئے کمیشن کیا جائے گا ۔

کانفرنس

آکاشوانی اور دور درشن کے سٹیشنز کی تین روزہ زونل کانفرنس آج سے سرینگر میں شروع ہوئی ۔ کانفرنس کی صدارت ان اداروں کی انتظامیہ کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل براڈ کاسٹ آپریشنز آفتاب احمد کر رہے ہیں ۔ اس کانفرنس میں دس ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں قائم آکاشوانی اور دور درشن کیندرونکے مندو بین شرکت کر رہے ہیں ۔ آفتاب احمد نے دور درشن نیوز سرینگر کے ADG کانفرنس کی اہمیت اور افادیت کے بارے میں ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

------BYTE------

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے جموں کے کھور علاقے میں ایک عوامی رابطہ پروگرام کے دوران عوام کو درپیش مسائل سے متعلق جانکاری حاصل کی۔

مقامی لوگوں سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر نے اس بات کو دہرایا کہ حکومت شفاف، جوابدہ اور عوام دوست طرزِ حکمرانی کے لیے پرعزم ہے۔

انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ عوامی شکایات کے حل کے لیے فعال اقدامات کریں۔

جاوید احمد رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے کل پونچھ میں ضلع انتظامیہ کے افسران کی ایک میٹنگ میں جاری ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

وزیر نے تیز رفتار ترقی کے ساتھ ساتھ ترقیاتی عمل کو پائیدار، ماحول دوست اور عوامی ضروریات سے ہم آہنگ بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے تمام محکموں کو منصوبوں کی معیاری تکمیل اور بروقت عمل درآمد کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

مُدرا یوجنا

ملک میں عملائی جا رہی پردھان منتری مُدرا یوجنا کے آج گیارہ سال مکمل ہو رہے ہیں ۔ نوجوانوں کو اپنا کاروبار شروع کرنے کے لئے مالی معاونت فراہم کرنے پر مرکوز اس سکیم کے اب تک خاطر خواہ نتائج بر آمد ہوئے ہیں ۔

RBI

پر ایک ورکشاپ (ULI) ریزروبینک آف انڈیا کے اہتمام سے جموں میں یونائیفائیڈ لینڈنگ انٹرفیس کا انعقاد کیا گیا، جس میں جموں و کشمیر اور لداخ کے مختلف سرکاری محکموں اور بینکوں کے افسران نے شرکت کی۔

ورکشاپ میں چیف سیکریٹری اٹل ڈلو اور آر بی آئی ممبئی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پی واسو دیوَن نے خصوصی مہمان کی حیثیت سے شرکت کی۔

اپنے خطاب میں چیف سیکریٹری نے کہا کہ یونائیفائیڈ لینڈنگ انٹرفیس قرضوں تک رسائی کو آسان بنانے کی جانب ایک انقلابی قدم ہے، جس سے کسانوں، کاروباری افراد اور چھوٹے تاجروں کو بروقت مالی مدد مل سکے گی۔

کے عملی ULI ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء کو
پہلوو

ں اور اس کے نفاذ کے طریقہ کار سے آگاہ کرنے کے لیے تفصیلی پریزنٹیشنز اور تعاملی نؑ سیشنز کا انعقاد کیا گیا۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرونے ضلع انتظامیہ کے افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ تخمینی کو جلد از جلد تیار کریں تاکہ تمام نئے کاموں کے لئے DPRs لاگت والے اور نئے منصوبوں کی بروقت منظوری، ٹینڈرنگ اور الاٹمنٹ کے مراحل مکمل کئے جاسکیں۔ یہ ہدایات انہوں نے کل افسران کی ایک میٹنگ میں دیں جو ضلعے کے مجموعی ترقیاتی منظرنامے کی پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے طلب کی گئی تھی۔

بارہمولہ

نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کی ایک کوشش کے تحت بارہمولہ میں ضلع ایمپلائمنٹ اینڈ
کاو

ڈویژن اور مختلف سرکاری و نجی اداروں کے اشتراک سے dagger نسلنگ سینٹر نے فوج کیؑ روزگار میلے کے تیسرے ایڈیشن کا انعقاد کیا۔

اس دو روزہ میلے کے پہلے دن کل ایک ہزار 8 سو سے زائد نوجوانوننے شرکت کی جبکہ 550 سے زیادہ امیدواروں کو مختلف کمپنیوں کےلئے شارٹ لسٹ کیا گیا۔

تقریب میں ایم ایل اے بارہمولہ جاوید حسن بیگ ، ڈپٹی کمشنر بارہمولہ سید فخرالدین حامد کے کمانڈر سمیت دیگر حکام موجود تھے۔ Gunners Daggerاور

انتت ناگ

اننت ناگ ضلع میں مشن یووا کے کامیاب نفاذ کو یقینی بنانے کی غرض سے ضلع سط کی عمل آوری کمیٹی کی 28ویں میٹنگ میں 589 معاملات کو منظوری دی گئی۔ اس میٹنگ کی صدارت ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے کی۔

قابل ذکر ہے کہ درخواست دہندگان میں 39 اعشاریہ پانچ فیصد خواتین شامل ہیں، جو ضلع میں کاروباری اقدامات میں خواتین کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کو ظاہر کرتا ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****